Rupali

# روپالی پولیسٹر لمیٹڈ

## اطلاع برائے پینتالیسواں سالانہ اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ روپالی پولیسٹر لمیٹڈ (''کمپنی'') کا پینتالیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے صبح ۱۰:۳۰ بجے (بذریعہ ZOOM اور Physical) روپالی ہاؤس، ۲۴۲-۲۴۱ اپر مال سکیم، آنند روڈ لاہور میں منعقد ہوگا۔

**عمومی امور:**

1۔ کمپنی کے چوالیسواں سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۴ء کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے پڑتال شدہ حسابات بمع ڈائریکٹر صاحبان اور محاسب کی رپورٹوں کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق ۲۲۳ (۷) کے مطابق کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل لنک اور QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

| ویب لنک | QR کوڈ |
|---|---|
| https://www.rupaligroup.com/pdf_files/Annual%20Report%202025.pdf | |

3۔ کمپنی کے محاسب کا تقرر اور انکے معاوضہ کا تعین۔ ریٹائر ہونے والے محاسب میسرز آر ایس ایم اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرا کاؤنٹینٹس نے دوبارہ تقرری کے اہل ہونے کی بناء پر اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

**خصوصی امور:**

4۔ (اے): ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران منسلک کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) سے کئے گئے لین دین کی درج ذیل خصوصی قرارداد کے تحت منظوری:

"قرار پایا کہ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران منسلک کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) کے ساتھ کئے گئے درج ذیل لین دین کی منظوری دی جاتی ہے۔

| متعلقہ فریقوں کے نام اور تعلقات کی بنیاد | لین دین کی نوعیت | رقم (۰۰۰) ہزاروں میں | | |
|---|---|---|---|---|
| | | خرید / فروخت | ادائیگی / وصولی | دیگر |
| روپافل لمیٹڈ (مشترکہ ڈائریکٹر شپ کے لحاظ سے منسلک کمپنی) | خرید<br>فروخت<br>ادائیگیاں<br>وصولی | 205,033<br>78,641 | 180,047<br>89,577 | - |
| روپالی نائیلون (پرائیوٹ) لمیٹڈ (مشترکہ ڈائریکٹر شپ کے لحاظ سے منسلک کمپنی) | خرید<br>ادائیگیاں | 3 | 3 | - |
| سونیری بینک لمیٹڈ (مشترکہ ڈائریکٹر شپ کے لحاظ سے منسلک کمپنی) | بینک ڈپازٹ پر منافع | - | - | 10,259 |
| النوٹرسٹ (بڑے حصص دار ہونے کی وجہ سے متعلقہ فریق) | حاصل شدہ قرض<br>قرضہ کی واپسی | - | - | 1,032,000<br>78,000 |
| ٹرسٹیز فیراستہ سینیئر ٹرسٹ (بڑے حصص دار ہونے کی وجہ سے متعلقہ فریق) | اثاثہ کی خریداری | - | - | 125 |

(بی): ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیوں سے کئے جانے والے لین دین کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو درج ذیل خصوصی قرارداد کے تحت مختار بنانا:

"قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ۳۰ جون ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دینے کے مختار ہوں گے۔ مزید قرار پایا کہ لین دین کی ان تفصیلات کو حصص داران کے اگلے اجلاس میں برائے منظوری پیش کیا جائے گا"۔

**دیگر امور:**

5۔ چیئرمین صاحب کی اجازت سے اجلاس کے روبرو رکھے گئے ایسے کسی اور عمومی امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
ایس غلام شبیر گیلانی
کمپنی سیکریٹری

لاہور
۲۹ ستمبر ۲۰۲۵ء

## نوٹ:

### 1۔ حصص کی منتقلی کی کتب

کمپنی کے حصص کی کتب ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۵ تا ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ تبادلے جو ہمارے رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس کے دفتر پلاٹ نمبر ۳۲-C، جامی کمرشل سٹریٹ نمبر ۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-۷۵۵۰۰ کو ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ دفتری اوقات کے ختم ہونے سے قبل موصول ہوں گے اس اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کے لئے بروقت وصول شدہ متصور ہوں گے۔

### 2۔ زوم لنک (Zoom Link)

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کمپنی اس AGM کو فزیکل کے ساتھ ساتھ زوم لنک کے ذریعے شرکاء کی سہولت کے لئے بلائے گی۔ اور کورم کی ضروریات کی تعمیل کو یقینی بنائے گی، کمپنی اراکین سے اپنی حاضری اور رائے دہی بذریعہ پراکسیز (Proxies) کی درخواست کرتی ہے۔

بذریعہ زوم لنک سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی خواہش رکھنے والے حصص داران/ پراکسی ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کو info@rupaligroup.com پر ایک ای میل عنوان: "Registration for AGM" پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے اجلاس سے کم سے کم ۴۸ گھنٹے قبل خود کو رجسٹر کروائیں۔

| ممبر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل اڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

#### الیکٹرانک ذرائع سے پینتالیسواں AGM میں شرکت کا خصوصی انتظام حسب ذیل ہے

درج بالا معلومات کی تصدیق کے بعد حصص داران کو رجسٹر کیا جائے گا اور ان کے فراہم کردہ ای میل پر کمپنی کی طرف سے زوم لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت صبح ۱۰:۲۰ بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

حصص داران سے التماس ہے کہ وہ اپنے تبصرے اور تجاویز جو کہ اجلاس کے متعلقہ ہوں مذکورہ ای میل یا واٹس ایپ 0323-4123854,0300-4799881 پر ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو شام ۵ بجے سے قبل ارسال کر دیں۔

### 3۔ پراکسی ہولڈرز

اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر ووٹ اور شرکت کیلئے دیگر ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ پراکسیاں تا آنکہ مؤثر ہو سکیں۔ اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔

#### سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز

سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) میں کمپنی کی سکیورٹیز بک انٹری کے حامل اکاونٹ ہولڈرز/ سب اکاؤنٹ ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں سے درخواست ہے کہ شناختی مقاصد کیلئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ معہ نقل باقاعدہ اپنے بینکرز کی مصدقہ بمعہ اہ پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی ایس میں اپنا اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ معہ نامزد کردہ کے دستخط معہ باقاعدہ پُر شدہ اصل پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر موصول ہو جانا چاہئے۔ نامزد افراد کو شناختی مقاصد کیلئے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ مہیا کرنا ہونگے۔

### 4۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات کی دستیابی۔

۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ۴۵ ویں AGM کا نوٹس اور دیگر لازمی رپورٹس بھی کمپنی کی ویب سائٹ www.rupaligroup.com پر دستیاب کر دی گئی ہیں اس کے علاوہ ۴۵ ویں سالانہ اجلاس کا اطلاع نامہ حصص داران کو ارسال کر دیا گیا ہے

اور PSX کو بھی ارسال کرنے کے ساتھ ساتھ ریگولیٹری ضروریات کے مطابق QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ساتھ اخبارات میں بھی شائع ہو گیا ہے۔ حصص یافتگان جو دستی کاپیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی سیکریٹری/شیئر رجسٹرار سے درخواست کر سکتے ہیں اور کمپنی اس مطالبے کے ایک ہفتے کے اندر انھیں فراہم کرے گی۔

## 5۔ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ اور حصص

ایکٹ کی دفعہ ۲۴۴ کے مطابق، کمپنی کی طرف سے جاری کردہ ڈیویڈنڈ یا اعلان کردہ کوئی بھی حصص، جو واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک بغیر دعویٰ کے یا بغیر ادا کیے گئے رہتے ہیں اور قابل ادائیگی کے تحت طے شدہ طریقہ کار کی تعمیل کے بعد وفاقی حکومت کے چلے جائیں گے۔ اس سلسلے میں ہم نے پہلے ہی عمل شروع کر دیا تھا اور متعلقہ حصص یافتگان کو مختلف نوٹسز کے ذریعے مشورہ دیا گیا تھا کہ وہ اپنے غیر دعویدار منافع منقسمہ/حصص کا حصول کریں۔ تاہم، ابھی تک صرف چند حصص داران نے یہ وصول کئے ہیں۔ حصص داران کو دوبارہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد یہ حاصل کرنے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رجوع کریں دوسری صورت میں ہم کمپنیوں کے قانونِ مجریہ ۲۰۱۷ کی شق (۲) ۲۴۴ (a) اور (b) کے تقاضوں کے مطابق عمل کریں گے۔

## 6۔ خصوصی امور کی قراردادوں پر ای ووٹنگ:

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ ("ریگولیشنز") میں ترمیم شدہ نوٹیفکیشن SRO 219(I)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022ء، SRO 906(I)/2023، مورخہ 7 جولائی 2023ء اور ہونے والی ترامیم کے مطابق، جو کہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان "SECP" نے جاری کی ہیں۔ SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ اپنے ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ یا بذریعہ ڈاک خصوصی امور پر ووٹ دینے کا حق فراہم کریں اور اس کے مطابق، روپالی پولیسٹر لمیٹڈ کے ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ کو ہونے والے ۴۵ ویں سالانہ اجلاس میں الیکٹرانک ووٹنگ یا ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی البتہ وہ مذکورہ قوائد وضوابط میں موجود شرائط کا اطلاق ہوگا۔

## 7۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ، کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر ڈاک کے ذریعے میٹنگ کے چیئرمین تک ہفتہ ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۵ء کام کے اوقات کے دوران شام ۵:۰۰ تک ۲۴۱-۲۴۲ اپر مال سکیم، آنند روڈ، لاہور کو یا shabbir.gilani@rupaligroup.com یا info@rupaligroup.com پر ای میل کریں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہوں۔ یہ پوسٹل پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.rupaligroup.com سے حاصل کرنے کے لیے بھی دستیاب ہے یا اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور اخبارات میں شائع ہونے والے متن کو بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے سمیت ووٹنگ میں کسی تنازعہ کی صورت میں، چیئرمین فیصلہ کرنے کے مختار ہوں گے۔

## 8۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز جمع کروائیں۔

ایس ای سی پی نے اپنے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے ذریعے تمام کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۷۲ پر عمل کریں۔ جس کے تحت تمام کمپنیوں کو ایکٹ کے نفاذ کے چار سالوں کے اندر فزیکل فارم میں جاری کردہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کا حکم دیا ہے۔ فزیکل شیئرز رکھنے والے حصص داران اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں رکھنے کیلئے براہ راست کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ سی ڈی سی کا ذیلی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔

### نوٹس متعلقہ:

i) قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا۔ (ii) پڑتال شدہ حسابات بذریعہ ای میل ارسال کرنا۔ (iii) ویڈیو لنک کی سہولت اور (iv) کمپنیوں کے قانون ۲۰۱۷ء کی دفعہ (۳)۱۳۴ کے تحت خصوصی امور پر وضاحتیں حصص داران کو اطلاع اجلاسِ عام کے ساتھ ارسال کر دی گئی ہیں۔

Rupali

# روپالی پولیسٹر لمیٹڈ

# بیلٹ پیپر

بیلٹ پیپر برائے خصوصی امور پر منظوری کی ووٹنگ بذریعہ ڈاک اور بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ کمپنی کے ۴۵ ویں سالانہ اجلاس عام بمطابق ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۵ء بوقت صبح ۱۰:۳۰ روپالی ہاؤس ۲۴۱-۲۴۲ اپر مال سکیم، انندروڈ، لاہور میں منعقد ہوگا۔ چیرمین سے رابطے کی تفصیلات، جہاں مکمل پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے۔

پتہ: روپالی ہاؤس 242-241 اپر مال سکیم، انندروڈ، لاہور۔

فون نمبر: +92-342-5713101

ویب سائٹ: wwww.rupaligroup.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر / مشترکہ شیئر ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| ملکیتی حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| CNIC نمبر (کاپی منسلک کی جائے گی) | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر |
| اضافی معلومات اور ملفوضات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ہم مندرجہ ذیل قراردادوں کی سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں دیئے گئے ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنی/ہماری رضامندی یا اختلافِ رائے سے آگاہ کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

| خصوصی قرارداد | حصص کی تعداد | میں/ہم منظور کرتے ہیں | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|
| قرارداد برائے خصوصی امور-4<br>اے۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ کو ختم ہونے والے سال کے لئے متعلقہ کمپنیوں (متعلقہ فریقین) کے ساتھ کئے گئے لین دین کی منظوری کے لئے۔<br>بی۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو ۳۰ جون ۲۰۲٦ کو ختم ہونے والے سال کے لئے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کی منظوری دینے کا اختیار دینا۔ | | | |

نوٹس:

۱) مکمل پُر شدہ پوسٹل بیلٹ بنام چیرمین/ کمپنی سیکرٹری، روپالی ہاؤس ۲۴۱-۲۴۲ اپر مال سکیم، انندروڈ، لاہور یا ای میل: shabbir.gilani@rupaligroup.com یا info@rupaligroup.com کے ذریعہ ارسال کریں۔

۲) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

۳) پوسٹل بیلٹ پیپر چیرمین یا کمپنی سیکرٹری کو بروز ہفتہ 25 اکتوبر 2025 کو شام 5 بجے کے بعد موصول ہونے والا قابلِ قبول نہیں سمجھا جائے گا۔

۴) پوسٹل بیلٹ پیپر پر دستخط قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیئے۔

۵) نامکمل، غیر دستخط شدہ پھٹا ہوا، مسخ شدہ، زیادہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

٦) بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.rupaligroup.com پر بھی موجود ہے۔ ممبر ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔